## عدالت کے اس فیصلے کوتسلیم کرتے ہیں اور پوری قوم بھی اس فیصلے کوتسلیم کرتی ہے۔الطاف حسین
## صدر پرویز مشرف، وزیراعظم شوکت عزیز،حکومتی اراکین اورحکومت کی لیگل ٹیم کواس تاریخی فیصلہ پرمبارکباد
## امید ہے کہ سیاسی مخالفین بھی عدلیہ کے تقدس کوسامنے رکھتے ہوئے سپریم کورٹ کے فیصلے کو کھلے دل سے تسلیم کریں گے
## ہم سب کا فرض ہے کہ محاذ آرائی کے بجائے افہام وتفہیم اور آپس میں بات چیت کا جمہوری راستہ اختیار کریں

لندن۔۔۔28 ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر کے دوعہدوں سے متعلق سپریم کورٹ آف پاکستان کے تاریخی فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم عدالت کے اس فیصلے کوتسلیم کرتے ہیں اور پوری قوم بھی اس فیصلے کوتسلیم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ حکومت کے سیاسی مخالفین بھی عدلیہ کے تقدس کوسامنے رکھتے ہوئے سپریم کورٹ کے فیصلے کو کھلے دل سے تسلیم کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے صدر پرویز مشرف، وزیراعظم شوکت عزیز،حکومتی اراکین اورحکومت کی لیگل ٹیم کواس تاریخی فیصلہ پرمبارکباد پیش کی ۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ آنے کے بعد اب ہم سب کا فرض ہے کہ محاذ آرائی کے بجائے افہام وتفہیم اور آپس میں بات چیت کا جمہوری راستہ اختیار کریں تاکہ سب مل جل کر ملک کو ان خطرناک حالات سے نکال سکیں جن کا آج ملک کوسامنا ہے اورسب مل جل کر ملک کومضبوط بناسکیں اور ملک میں جمہوریت کے فروغ اور ملک کے استحکام کیلئے مل جل کرکوششیں کرسکیں۔

## الطاف حسین نے وزیراعظم شوکت عزیز کوفون کر کے مبارکباد پیش کی

لندن۔28 ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیراعظم شوکت عزیز سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے انہیں سپریم کورٹ کے فیصلے پر دلی مبارکباد پیش کی ۔ جمعہ کے روز جناب الطاف حسین نے وزیراعظم شوکت عزیز سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور صدر مملکت جنرل پرویز مشرف کے دوعہدوں کے حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے کی دلی مبارکباد پیش کی ۔اس موقع پر جناب شوکت عزیز نے بھی جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے تمام ارکان کو دلی مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے جناب شوکت عزیز سے کہا کہ صدر مملکت جنرل پرویز مشرف اور کابینہ کے تمام ارکان کو میرا اسلام اور مبارکباد کا پیغام دیجئے گا۔

## حزب اختلاف سپریم کورٹ کے فیصلے کو کھلے دل سے تسلیم کرے،الطاف حسین
## نجی ٹی وی چینل کے نمائندے کوانٹرویو

کراچی۔۔۔28/ستمبر 2007ء(مانیٹرنگ ڈیسک)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتیں،سپریم کورٹ کے فیصلے کا کھلے دل سے احترام کریں ۔ جمعہ کے روز ایک نجی ٹیلی ویژن کومختصر انٹرویو دیتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ حکومت اور صدر مملکت کی جانب سے ایک آئینی درخواست چیف جسٹس آف پاکستان کے خلاف دائر کی گئی تھی اس کا فیصلہ 20، جولائی 2007ء کو صدر مملکت اور حکومت کے خلاف آیا تھا اور اس وقت تمام اپوزیشن جماعتوں نے یک زبان ہوکر یہ کہا تھا کہ 60 سال بعد آج ملک میں عدلیہ پہلی مرتبہ آزاد ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج جو سپریم کورٹ کا فیصلہ صدر صاحب کے خلاف دائر کردہ پٹیشنز کے خلاف آیا ہے تو یہ فیصلہ اسی آزاد عدلیہ کا ہے جو 60 سال بعد بقول اپوزیشن پارٹیوں کے آزاد ہوئی تھی ۔انہوں نے کہا کہ اس وقت حکومت کے اراکین بشمول ایم کیوایم سب نے سپریم کورٹ کے فیصلہ کو کھلے دل سے تسلیم کیا تھا، خیر مقدم کیا تھا۔ اب تمام اپوزیشن پارٹیوں کا یہ فرض ہے کہ وہ سپریم کورٹ کے تقدس کوسامنے رکھتے ہوئے اس فیصلے کا احترام کریں اور اسے کھلے دل سے اسی طرح تسلیم کریں جس طرح حکومت اورحکومت کی حلیف جماعتوں نے اس وقت کے سپریم کورٹ کے فیصلہ کو کھلے دل سے تسلیم کیا تھا۔

## متحدہ قومی موومنٹ آئندہ عام انتخابات میں پورے ملک سے حصہ لیکر تاریخی کامیابی حاصل کرے گی، الطاف حسین

## متحدہ قومی موومنٹ کی سیاست کی بنیاد خدمت ہے لہٰذا حق پرست نمائندے عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں

## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے اراکین اور سیکریٹریٹ کے ارکان سے بات چیت

لندن۔28 ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تمام حق پرست وزراء، مشیروں، سینٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور تمام منتخب بلدیاتی نمائندوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں جاکر عوام سے ملیں اور عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں۔ انہوں نے حکومت سے ایک مرتبہ پھر مطالبہ کیا کہ مہنگائی خصوصاً آٹے کی قیمتوں میں اضافہ کو روکنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ وہ جمعرات کو ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے اراکین اور سیکریٹریٹ کے ارکان سے بات چیت کررہے تھے۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ آئندہ عام انتخابات میں نہ صرف پورے ملک سے بھرپور طریقہ سے حصہ لے گی بلکہ انشاءاللہ متحدہ قومی موومنٹ پہلے سے کہیں زیادہ نشستیں حاصل کرکے تاریخی کامیابی حاصل کرے گی۔ انہوں نے تمام ذمہ داران وکارکنان اور حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ عام انتخابات اور حق پرستی کے پیغام کو آگے بڑھانے کیلئے تحریک کو زیادہ سے زیادہ وقت دیں اور کام کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرست قیادت نے گزشتہ پانچ برسوں میں جتنے زیادہ ترقیاتی کام کئے ہیں وہ گزشتہ 60 برسوں میں کبھی نہیں کئے گئے، سڑکوں، پلوں اور فلائی اوورز کی تعمیر ہوئی ہے اور مزید کی جارہی ہے۔ جن علاقوں میں 60 برسوں سے پانی نہیں پہنچایا گیا تھا وہاں پانی پہنچانے کیلئے پانی کی لائنیں ڈالی جارہی ہیں۔ سیوریج کا نظام ٹھیک کیا جارہا ہے پارک بنائے جارہے ہیں اور عوام کو بہتر سہولتیں فراہم کرنے کیلئے نئے نئے منصوبوں پر کام کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان تعمیراتی کاموں کی وجہ سے عوام کو وقتی مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑرہا ہے جس کا ہم سب کو احساس ہے لیکن میں کارکنان اور عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ ان ترقیاتی کاموں میں تعاون کریں۔ عوام نے گزشتہ 60 برسوں سے بنیادی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے تکالیف برداشت کی ہیں۔ اب ترقیاتی کاموں کی وجہ سے جو مشکلات آرہی ہیں وہ وقتی اور عارضی ہیں۔ جناب الطاف حسین نے ناظم کراچی اور دیگر منتخب نمائندوں کو ہدایت کی کہ وہ سڑکوں کو تعمیر اور دیگر ترقیاتی کاموں میں تیزی لائیں تاکہ عوام کی مشکلات کم ہوسکیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی خصوصاً آٹے کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام شدید پریشانیوں کا شکار ہیں اور عید بھی قریب آرہی ہے۔ انہوں نے وفاقی وصوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی خصوصاً آٹے کی قیمتوں میں اضافے کو روکنے کیلئے ٹھوس اور فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام بھی عید کی خوشیوں میں شریک ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ملک میں گندم کی کمی ہے تو وفاقی حکومت تمام صوبائی حکومتوں بشمول سندھ حکومت کو اجازت دے کہ وہ اپنی ضروریات کے مطابق گندم درآمد کرسکیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ عوام کی خدمت متحدہ قومی موومنٹ کی سیاست کی بنیاد ہے اس لئے تمام حق پرست وزراء، مشیران، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سینیٹرز اور منتخب بلدیاتی نمائندے اپنے اپنے علاقوں میں عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے اپنی ہرممکنہ کوششیں کریں۔

☆☆☆☆☆